سوال

(248) کیا پشانی کا محراب نیک لوگوں کی نشانی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا یہ حدیث میں آیا ہے کہ سجدے کی وجہ سے پشانی پر پڑ جانے والا نشان صالح لوگوں کی علامات میں سے ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ صالحین کی علامات میں سے نہیں بلکہ صالحین کی علامت تو چہرے کا نور، انشراح صدر اور حسن خلق وغیرہ ہیں۔ جلد کے نرم ہونے کی وجہ سے یہ نشان ان لوگوں کی پشانی پر بھی پڑ سکتا ہے جو صرف فرائض کے پابند ہوں اور بسا اوقات ان لوگوں کی پشانیوں پر یہ نشان نمودار نہیں ہوتا، جو کثرت سے نمازیں پڑھتے اور لمبے لمبے سجدے کرتے ہیں۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 280

محدث فتویٰ